سوال

امام کے سلام پھیرنے کے بعد بقیہ نماز پڑھنے والے کے لئے رفع الیدین کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امام کے سلام پھیرنے کے بعد میں جب اپنی بقیہ نماز جو کہ ایک رکعت ہے کیلیئے کھڑا ہوں تو رفع الیدین کروں یا نہیں۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس میں آپ اپنی رکعات کی تعداد کو سامنے رکھیں، اگر تو آپ کی وہ آخری رکعت تیسری ہے جس کے لئے آپ کھڑے ہو رہے ہیں، جیسے نماز مغرب کی تیسری رکعت کے لئے آپ کھڑے ہوتے ہیں تو آپ رفع الیدین کریں، کیونکہ تیسری رکعت کے لئے رفع الیدین کرنا نبی کریم سے ثابت ہے۔ اور اگر چوتھی ہے جیسے عصر کی چوتھی رکعت تو اس میں رفع الیدین نہیں کریں گے کیونکہ چوتھی رکعت کے لئے کھڑے ہوتے ہوتے وقت رفع الیدین کرنا ثابت نہیں ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتوی کمیٹی

محدث فتوی